## نسلی مساوات کے فروغ پر
## موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

## کمیشن برائے یکساں مواقع

کمیشن برائے یکساں مواقع (EOC) ایک آئینی ادارہ ہے، جس کا قیام مئی 1996 میں جنسی امتیازی قانون (SDO)، معذوری سے متعلق امتیازی قانون (DDO)، خاندانی حیثیت امتیازی قانون (FSDO) ، اور نسلی امتیازی قانون (RDO) کو نافذ کرنے کے لیے ہانگ کانگ میں عمل میں لایا گیا ہے۔

کمیشن جنسی، ازدواجی حیثیت، حمل، بریسٹ فیڈنگ، معذوری، خاندانی حیثیت اور نسل کی بنیادوں پر امتیازی سلوک کے خاتمے کے لیے مصروف عمل ہے۔

ہمارا مقصد جنسی طور پر ہراساں کرنے، بریسٹ فیڈنگ ہراسگی، اور معذوری اور نسل کی بنیاد پر رسواء و بدنام کرنے کے عمل کو بھی ختم کرنا ہے۔ ہم مردوں اور خواتین، معذور اور معذوری سے محفوظ افراد خاندانی حیثیت اور نسل سے قطع نظر، مساویانہ مواقع کو فروغ دیتے ہیں۔

EOC نے آئینی اور مین لینڈ افیئرز بیورو ( Constitutional and Mainland Affairs Bureau, CMAB) کی طرف سے جاری کردہ "نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق انتظامی رہنما خطوط" کے تحت ایک چیک لسٹ تیار کی ہے، جس میں نسلی مساوات کے فروغ اور کمیشن کی طرف سے فراہم کردہ کلیدی عوامی خدمات تک مساویانہ رسائی سے متعلق سروسز اور موجودہ اور منصوبہ شدہ اقدامات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ یہ چیک لسٹ، دیگر سرکاری بیورو/محکموں اور سرکاری حکام کی طرف سے تیار کردہ فہرست کے ہمراہ، عوامی رسائی کے لیے CMAB کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے۔

### A. استفسارات اور شکایت کی سروسز

| | |
|---|---|
| متعلقہ سروسز | • EOC، RDO کے سیکشن 78 اور 79 کے تحت غیر قانونی کارروائیوں سے متعلق شکایات کو نمٹاتا، تحقیقات کرتا اور مفاہمت کرتا اور متعلقہ مدد فراہم کرتا ہے تاکہ نسلی امتیاز، ہراساں اور بدنامی و رسوائی کرنے کے عمل کے خاتمے کے لیے کام کیا جا سکے، اور مختلف نسلی گروہوں کے افراد کے مابین مواقع اور ہم آہنگی کو فروغ دیتا ہے۔<br>• EOC، RDO کی تعمیل سے متعلق عوامی حکام، دیگر فریقین اور افراد سے استفسارات کے معاملات کو نمٹاتا اور مشورے فراہم کرتا ہے۔ |
| موجودہ اقدامات | • ہم مختلف نسل کے لوگوں کی طرف سے پوچھ گچھ کرنے اور شکایات درج کرا سکنے کے لیے یکساں رسائی کو یقینی بناتے ہیں۔<br>• تفتیش اور شکایت کی خدمات کی فراہمی میں مختلف نسلی گروپوں کی ضروریات، حساسیت اور خدشات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ |

- مختلف نسل کے شکایات اور پوچھ گچھ کرنے والوں کی زبان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جب ضرورت ہو تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں ۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- EOC باقاعدگی سے اینیانکوائری اور شکایت سے نمٹنے کی خدمات، اور مختلف نسل کے لوگوں تک خدمات کی مساویانہ رسائی کو بڑھانے کے لیے اپنےاقدامات کا باقاعدگی سے جائزہ اور تعین کرے گا۔

اضافی اقدامات جو اٹھائے گئے ہیں یا اٹھائے جائیں گے

- ایسے اقدامات بڑھائے گئے ہیں جن سے سوال پوچھنے اور شکایت کرنے والے مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے شکایات پر کارروائی *(Complaint handling process, CHP)*
اور/یا مفاہمت کے طریقہ کار کو فوری طور پر سمجھنا ممکن ہو، اس سلسلے میں CHP اور مفاہمت کی وڈیوز میں سب ٹائٹلز لگائے گئے ہیں اور شکایات کرنے والوں اور اجواب دہندگان کے لیے چینی اور انگریزی زبان کے علاوہ دیگر دس زبانوں میں CHP کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں جن میں بہاسا انڈونیشیا، بنگلہ، ہندی، نیپالی، پنجابی، سنہالا، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویتنامی زبانیں شامل ہیں۔

- نسلی مساوات کی پالیسیوں اور اقدامات کا مستقل جائزہ لینے کے لیے، نسلی امور اور/یا نسلی گروپوں سے متعلق پوچھ گچھ اور شکایات کا ڈیٹا اکٹھا کیا جائے گا۔
- استفسارات اور شکایت دہندگان کی طرف سے درخواست کردہ خصوصی زبان (چینی اور انگریزی زبان کے علاوہ) کے ریکارڈ کو اندرونی ڈیٹا اکٹھا کرنے کے نظام میں رکھا جائے گا۔

## B. عام عوام کے لیے ٹریننگ سروس

متعلقہ سروسز

- EOC کا پالیسی، ریسرچ اور ٹریننگ ڈویژن عوام کو تربیت کے دو سلسلے پیش کرتا ہے، یعنی کیلنڈر ٹریننگ اور مخصوص کردہ تربیتی کورسز تاکہ مساوی مواقع کی قانون سازی اور متعلقہ انتظامی حکمت عملی کے بارے میں تربیت فراہم کی جا سکے۔

موجودہ اقدامات

- ٹریننگ کورس میں استعمال ہونے والا میڈیم/وسائل
  - کیلنڈرٹریننگ پروگرام کے تحت، EOC موسم بہار اور موسم خزاں کے دوران ہر سال دو سیریز کا اہتمام کرتا ہے۔ دونوں سیریز میں کینٹونیز اور انگریزی کے مفت ٹریننگ کورس پیش کیے جاتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ دونوں کینٹونیز اور غیر کینٹونیز بولنے والے لوگ، زبان کی کسی رکاوٹ کے بغیر ہمارے تربیتی کورسز میں حصہ لے سکیں۔
  - مخصوص کردہ ٹریننگ کے تحت، تنظیموں کی درخواست پر کینٹونیز اور انگریزی کے تربیتی کورسز فراہم کیے جاتے ہیں۔

- تربیتی کورسز کے مندرجات
  - نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لیے نسلی مساوات، سب ثقافتوں کو شامل کرنے والی کام کی جگہ اور RDO کے تحت غیر قانونی اقدامات کے تصور کو موجودہ کیلنڈر ٹریننگ اور مخصوص کردہ تربیتی کورسز کے ذریعے جب موزوں ہو شامل کیا جاتا ہے۔
- تربیتی خدمات تک رسائی
  - EOC کی ویب سائٹ پر چائینیز اور انگریزی دونوں میں تمام معلومات اور اندراج کی تفصیلات حاصل کی جا سکتی ہیں۔
  - چائینیز اور انگریزی میں اندراج فارم EOC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

| | |
|---|---|
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • نسلی مساوات سے متعلق تربیتی کورسز کے مندرجات کا جائزہ ہر سال دونوں تربیتی سیریز میں ٹرینر کے ذریعے کیا جاتا رہے گا۔ |

## C. مختلف نسل کے لوگوں کے لیے تربیتی سروس

| | |
|---|---|
| متعلقہ سروسز | • EOC کا نسلی اقلیتوں کا یونٹ ("یونٹ") نسلی گروہوں تک امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ کی تربیت کی ضروریات کی نشاندہی کرنے اور ان کی زبان کی ضروریات کا اندازہ کرنے کے لیے ان نسلی گروہوں سے رابطہ کرتا ہے۔ |
| موجودہ اقدامات | • جب ضروری اور عملی طور پر ممکن ہوا تو مختلف نسلی گروہوں کے لیے تربیتی پروگرام فراہم کیے جائیں گے:<br>▪ عملے کے اراکین کے ذریعہ براہ راست خدمت کی فراہمی جو گروہوں کی مطلوبہ زبان میں مہارت رکھتے ہیں<br>▪ بیرونی خدمت فراہم کنندگان کے ذریعے ترجمانی اور/یا ترجمہ خدمات کے لیے حوالہ<br>▪ غیر سرکاری تنظیموں، نسلی گروہوں یا قونصل خانے کے دفاتر کے ساتھ مطلوبہ زبان میں تعاون کرنا |
| مستقبل کے کام کی تشخیص | • فراہم کردہ تربیتی خدمات کے بارے میں مختلف نسلی گروہوں کے تاثرات یونٹ کی رسائی سرگرمیوں اور نسلی برادری کے رہنماؤں کے ساتھ باقاعدہ ملاقاتوں میں اکٹھے کیے جائیں گے۔ |
| اضافی اقدامات جو اٹھائے گئے ہیں یا اٹھائے جائیں گے | • مختلف نسلی برادریوں کے لیے دوسری زبانوں میں تربیتی اور تعلیمی مواد فراہم کیا جاتا ہے۔<br>• مختلف نسلی برادریوں کے ساتھ جاری کمیونٹی مشغولیت کی مشق سے جمع کیے گئے تاثرات کے مطابق زبان کی مدد کی حکمت عملی کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا۔ |

## D. سروس کے ضرورت مند صارفین کے لیے زبان کی مناسب خدمات کی فراہمی

**متعلقہ سروسز**

- EOC مختلف نسل کے لوگوں تک اس کی خدمات تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کے لیے فعال اور عملی نقطہ نظر اپنانے کے لیے پرعزم ہے۔ چینی /انگریزی میں پڑھنے یا بات چیت کرنے سے قاصر صارفین کے ساتھ رابطے کی سہولت کے لیے، مناسب زبان کی خدمات فراہم کی جائیں گی۔

**موجودہ اقدامات**

- دیگر متعلقہ معلومات اور EOC کے ذریعہ نافذ چار امتیازی قوانین کے بارے میں معلوماتی کتابچے انگریزی اور چینی کے علاوہ آٹھ زبانوں میں مہیا کیے جاتے ہیں: بہاسا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویتنامی۔ نیز نسلی امتیازی قانون کے متعلق معلوماتی کتابچہ مزید دو زبانوں بنگلہ اور سنہالا میں فراہم کیا گیا ہے۔۔ یہ کتابچے EOC کے دفتر سے حاصل یا EOC کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔ جب ضروری اور عملی طور پر ممکن ہوا تو فروغ دینے والے مواد کا چینی اور انگریزی کے علاوہ دوسری زبانوں میں ترجمہ کیا جاتا ہے۔ ترجمے کی درستگی یقینی بنانے کے لیے، سروس پرووائیڈر کے کیے ہوئے ترجمے کی پروف ریڈنگ ایک اور سروس پرووائیڈر کرے گا۔

**مستقبل کے کام کا جائزہ**

- مختلف نسلوں کے صارفین کو فراہم کردہ زبان کی امداد کی افادیت سے متعلق آراء کا مسلسل جائزہ لینے اور بہتری کے لیے اکٹھا کیا جائے گا۔
- آئندہ خدمات کی ضروریات اور درکار وسائل کی منصوبہ بندی کے بارے میں جاننے کے لیے تحریری اورزبانی ترجمہ کی خدمت اور فراہم کردہ خدمات کے لیے متعدد درخواستوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا۔

**اضافی اقدامات جو اٹھائے گئے ہیں یا اٹھائے جائیں گے**

- دوسرے بڑھتے ہوئے نسلی گروہوں جیسے بنگلہ دیشی اور ویتنامی لوگوں تک معلومات پہنچانے کی خاطر امتیازی سلوک کے خلاف تین دوسرے آرڈیننسز ( نسلی امتیازی قانون کے علاوہ) کے متعلق اہم معلوماتی پرچوں کے تراجم کیے جائیں گے اور لوگ خود آ کر یہ تراجم حاصل کر سکیں گے یا یہ EOC کی ویب سائیٹ سے لیے جا سکیں گے۔
- انگریزی اور چینی کے علاوہ مختلف زبانوں میں مفت ترجمانی / ترجمے کی خدمات کی دستیابی کی آگاہی بڑھانے کے لیے، مناسب طور پر EOC کی لابی میں نمایاں نوٹس / پوسٹر ڈسپلے کیے جا چکے ہیں اور EOC کی ویب سائٹ پر ڈسپلے کیے جائیں گے۔
- فرنٹ لائن عملے کےخدمت صارفین کے لیے EOC کی زبان کی خدمت کو فعال طور پر متعارف کرانے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ EOC کے صارفین کے ساتھ بات چیت میں مزید آسانی لانے کے لیے، جو انگریزی/چینی نہیں بولتے ہیں، AI کے خصوصی مترجم ایربڈز (Earbuds)، جو 36 زبانوں میں معاونت کرتے ہیں کو حسب ضرورت استعمال کے لیے دستیاب کر دیا گیا ہے۔
- تحریری اور زبان ترجمے کی خدمت کے لیے متعدد درخواستوں کو خدمت اور وسائل کے جائزوں کے لیے اکٹھا کیا جاتا ہے۔

- EOC کی ذاتی معلومات اکٹھا کرنے کا بیان اور رازداری کی پالیسی کا بیان جو اب انگریزی اور چینی زبان میں EOC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے ان کا انگریزی اور چائینیز کے علاوہ دس زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے: بہاسا انڈونیشیا، بنگالی، ہندی، نیپالی، پنجابی، سنہالا، تگا لوگ، تھائی، اردو، اور ویتنامی۔
- ترجمہ اور ترجمانی کی خدمت کا بندوبست کرنے کے لیے کام کے طریقہ کار تیار کیے جائیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام عملہ خصوصاً فرنٹ لائن عملہ آگاہ رہے اور خدمت کی موثر فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔

آراء یا پوچھ گچھ کے لیے، براہ کرم درج ذیل چینلز کے ذریعے کارپوریٹ پلاننگ اینڈ سروسز ڈویژن کی سینئر مساویانہ مواقع آفیسر (انتظامیہ اور عملہ) محترمہ گلوریا یو (Miss Gloria YU) سے رابطہ کریں –

ای میل: eoc@eoc.org.hk
ٹیلی فون نمبر: (852) 2511 8211
فیکس نمبر: (852) 2511 8142
SMS سروس: 6972566616538 (سماعت سے محروم / بولنے میں مشکلات کے حامل لوگوں کے لیے)

- معذور افراد جنہیں EOC آفس جانے کے لیے جسمانی مدد کی ضرورت ہے وہ ہم سے 2511 8211 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔
- دفتری اوقات سے باہر عمومی استفسارات کے لیے، براہ کرم ہماری ہاٹ لائن 2511 8211پر پیغامات چھوڑدیں۔

**کمیشن برائے یکساں مواقع**
**جون 2024**